| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'س' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'س' کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔درست ساخت، بناوٹ کے ساتھ 'س' لکھ سکیں۔حرف 'س' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں ۔ حرف 'س' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو'حروف تہجی اردو کے'نظم سنائی جائے گی۔اسے لے کر'ژ' تک درست تلفظ،صوتی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'س' کی پہچان آواز،اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>معلّمہ ہاتھ میں حرف 'س' کا Puppet Stick Card لے کر کمرہ جماعت میں داخل ہوگی۔بچوں کو اسلام وعلیکم کہہ کر حرف 'س' کا تعارف کروائے گی۔میں حرف 'س' ہوں۔دوسرے حروف کے ساتھ ملنے سے میری بناوٹ تبدیل ہوجاتی ہے۔اور حرف 'س' کی آدھی شکل 'س' Puppet Stick Card کے ذریعے دکھایا جائے گا۔'س' حروف تہجی کا انیسواں حرف ہے۔اس کی صوتی آواز بتائی جائے گی۔بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'س' درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے۔اور حرف 'س' کے ذخیرہ الفاظ سموسہ،سیب، سٹرابری،سورج،سالن،سبزیاں،ساگ اور ستارے فلیش کارڈ اصل چیزیں (سیب،سبزیاں) کے ذریعے جانیں گے۔بچوں کو بتایا جائے گا کہ اس پر کوئی نقطے نہیں ہوتے۔اس کے دو شوشے ہوتے ہیں تختہ سیاہ/سفید پر ایک لکیر کھینچی جائے گی جس پر بچوں کو حرف 'س' کی پوری اور آدھی شکل لکھنے کا طریقہ بتایا جائے گا اور باری باری بچوں کو بلا کر حرف 'س' لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 10 منٹ | Puppet Stick Card | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کتاب صفحہ نمبر 38 کھولنے کو کہا جائے گا۔بچوں سے کہا جائے گا کہ حرف 'س' پر انگلی پھیریے اور اس کی آدھی شکل پر پینسل پھیریے حرف 'س' سے شروع ہونے والے الفاظ بتائے جائیں گے اور آواز کی بار بار دہرائی کروائی جائے گی مثال کے طور پر س سیب س سٹرابری وغیرہ۔بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں سیب پر سرخ کاغذ کے چھوٹے ٹکڑے چسپاں کرنے اور 'س' کی پوری اور آدھی شکل میں پینسل پھیرنے میں مدد کی جائے گی۔ | 20 منٹ | کتاب<br>صفحہ نمبر 38 | |
| | **اختتامیہ:** بچوں کو حرف 'س' کی پوری اور آدھی شکل کی دہرائی کروائی جائے گی اور آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'س' | دن: | دوسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'س' کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔ درست ساخت، بناوٹ کے ساتھ 'س' لکھ سکیں ۔ حرف 'س' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں ۔ حرف 'س' کی آدھی شکل پہچان سکیں ۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو 'حروف تہجی اردو کے' نظم سنائی جائے گی ۔ بچوں کو 'س' کی پوری اور آدھی شکل کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ صوتی آواز اور شو شوں کے بارے میں پوچھا جائے گا ۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا ۔ حرف 'س' کی پہچان آواز، اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر ۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو 'س' کے ذخیرہ الفاظ کی فلیش کارڈ / پی پی ٹی کے ذریعے دہرائی کروائی جائے گی ۔ بچوں کو سورج کا فلیش کارڈ دکھا کر بتایا جائے گا کہ یہ سورج ہے ۔ یہ ہمیں دن کے وقت آسمان پر نظر آتا ہے ۔ اگر سورج نہ نکلے تو کیا ہوگا ہر طرف اندھیرا ہی اندھیرا ۔ یہ ہمیں روشنی دیتا ہے بچوں کو بتایا جائے گا کہ سورج کی ابتدائی آواز 'س' کی ہے بچوں سے ہوا میں یا جلد پر انگلیوں کی مدد سے حرف 'س' کی آدھی اور پوری شکل بنوایئے تاکہ ہاتھ دائیں سے بائیں رواں ہو جائے ۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو پانچ پانچ کے گروپوں میں تقسیم کیجیے ۔ ہر میز پر Glitter Paper کے کٹے ہوئے چھوٹے ستارے اور گلو اسٹک رکھ دیجیے ۔ ہر بچے کو سادہ کاغذی شیٹ دیجیے ۔ طلباء سے کہیے کہ پہلے وہ 'س' کی پوری شکل پر پینسل پھیریں گے اس کے بعد ستاروں کو گلو کی مدد سے حرف 'س' پر چسپاں کریں گے ۔ | 20 منٹ | ورک شیٹ<br>ستارے، گلو | |
| | **اختتامیہ:**<br>تختہ سفید / سیاہ پر لکیر کھینچ کر 'س' کی پوری شکل لکھنے کی مشق کروائی جائے گی ۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'س' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ حرف 'س' کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔درست ساخت، بناوٹ کے ساتھ 'س' لکھ سکیں۔حرف 'س' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں ۔حرف 'س' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'س' کی پوری شکل اور آدھی شکل فلیش کارڈ کے ذریعے دکھا کر اس کا نام اور آواز دہرائی جائے گی۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'س' کی پہچان آواز، اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم سموسہ، کے بارے میں بات کریں گے۔ کمرہ جماعت میں سموسوں کا انتظام کیا جائے گا کہ سموسے بارش کے موسم میں بہت شوق سے کھائے جاتے ہیں۔ بچوں کو کہیے کہ وہ آپ کی نقل کرتے ہوئے انگلیوں سے ہوا میں حرف 'س' بنائیں۔اور یہ عمل تین سے چار بار دہرائیں۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو 'س' کی ہوپ سکوچ گیم کھیلائی جائے گی۔ بچوں کو پلے گراؤنڈ میں لے کر جایا جائے گا وہاں زمین پر چاک سے ر، ڑ، ز، ژ اور س لکھا جائے گا۔ بچوں کو کہا جائے گا کہ صرف 'س' کو تلاش کریں اور اس پر چھلانگ لگائیں۔<br>بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی جس میں سبزیوں میں رنگ بھرنے اور حرف س کی آدھی شکل پر پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | ہوپ سکوچ گیم<br>چاک | |
| | **اختتامیہ:**<br>کاپی میں چسپاں ورک شیٹ میں سورج میں رنگ بھریے اور حرف 'س' کی پوری اور آدھی شکل پر پینسل پھیریے۔ | 5 منٹ | ورک شیٹ | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'س' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'س' کا درست تلفظ پہچان سکیں۔ درست ساخت، بناوٹ کے ساتھ 'س' لکھ سکیں۔ حرف 'س' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں۔ حرف 'س' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'س' کی پوری اور آدھی شکل دکھائی جائے گی۔ حرف 'س' کا تلفظ اور اس کی آواز کی بار بار دہرائی کروائی جائے گی۔ | 5 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'س' کی پہچان آواز، اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'س' کے مزید الفاظ جانیں گے۔ بچوں کو فلیش کارڈ کے ذریعے سالن، سبزیاں، ساگ اور ستارے کی تصاویر دکھائی جائیں گی۔ بچوں سے ان کی ابتدائی آوازیں پوچھی جائیں گی۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو گروپ کی صورت میں دائرے میں بٹھایا جائے گا۔ اب انھیں اشیاء/ تصاویر سے بھرا ہوا تھیلا دیجیے۔ جن کے نام 'س' سے شروع ہوتے ہیں۔ ہر بچہ تھیلے میں سے ایک چیز نکال کر اس کا نام اور ابتدائی آواز بتائے گا۔ پھر تھیلا اگلے بچے کو پکڑا دے۔ نوٹ (سانپ، سوئی، سفید، سات، سویاں) بچوں کو کتاب کتاب صفحہ نمبر 39 کھولنے کو کہا جائے گا۔ دی گئی تصاویر کے نام پوچھے جائیں گے۔ بچوں سے پوچھا جائے گا کہ آپ کون سا حرف لکھنا سیکھ رہے ہیں بتایئے بچوں کو کہا جائے گا کہ حرف 'س' سے شروع ہونے والے الفاظ سے ملایئے نیچے دی گئی 'س' کی پوری اور آدھی شکل پر درست بناوٹ کے ساتھ پینسل پھیرنے اور لکھنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | تصاویر/اشیاء<br>/فلیش کارڈ<br>تھیلا<br>کتاب صفحہ نمبر<br>39 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے سالن، سبزی اور سانپ کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | نرسری | موضوع: | حرف 'س' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت 40 منٹ | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ حرف 'س' کا درست تلفظ پہچان سکیں ۔درست ساخت ، بناوٹ کے ساتھ 'س' لکھ سکیں۔حرف 'س' سے شروع ہونے والے الفاظ پہچان سکیں ۔ حرف 'س' کی آدھی شکل پہچان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو 'س' کے تمام الفاظ فلیش کارڈ دکھا کر ان کی ابتدائی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم دو پھلوں کے بارے میں بات کریں گے۔بچوں سے ان کے پسندیدہ پھل کے بارے میں پوچھا جائے گا بچوں کو پھل فلیش کارڈ کے ذریعے سیب اور سٹرابری دکھا کر ان کے نام بتائے جائیں گے۔بچوں کو بتایا جائے گا کہ پھل کھانا ہماری صحت کے لیے ضروری ہے۔بچوں کو Sand Tray دے کر حرف 'س' کی درست بناوٹ کی پوری اور آدھی شکل کی مشق کروائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کاپی میں حرف 'س' کی پوری اور آدھی شکل لکھنے کو کہا جائے گا۔ ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی ۔تاکہ وہ مقررہ وقت میں اپنا کام مکمل کر سکے۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'س' کی صوتی آواز پوچھی جائے گی اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی میں حرف 'س' کی پوری اور آدھی شکل لکھیں۔ | 3 منٹ<br><br>10 منٹ<br><br><br><br>30 منٹ<br><br><br>2 منٹ | حرف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ<br><br>Sand Tray<br><br>کاپی ورک | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا۔ حرف 'س' کی پہچان آواز، اس سے شروع ہونے والے الفاظ اور آدھی شکل کی نشاندہی کرنے پر۔ |